تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 15, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بی ایس سی ایروناٹکس کے دوہرے ڈگری کورس کے لیے انڈوکوپٹر پرائیوٹ لمٹیڈ کے ساتھ مفاہمت نامہ پر دستخط کیے

ناک کی جانب سے اے پلس پلس گریڈ یافتہ مرکزی یونیورسٹی اور این آئی آر ایف رینکنگ میں ملک کی تین سرکردہ یونیورسٹیوں میں ایک جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بی ایس سی ۔ایروناٹیکس میں دوہرے ڈگری کورس کے لیے انڈوکوپٹر پرائیوٹ لمٹیڈ (آئی سی پی ایل) کے ساتھ چودہ جون دو ہزار تئیس کو ایک مفاہمت نامہ پر دستخط کیا ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ اور آئی سی پی ملک میں ہوابازی کے شعبے میں وسیع امکانات کے پیش نظر تربیت کے میدان میں اشتراک کرنے کے لیے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مسجل پروفیسر ناظم حسین الجعفری اور میجر اجے شاہ سی ای او، آئی سی پی ایل نے شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری)، ڈین، فیکلٹی آف انجینئرنگ پروفیسر منی تھامس، پروفیسر انور شہزاد صدیقی، نوڈل آفیسر بی ایس سی، ایروناٹکس پروگرام، جامعہ ملیہ اسلامیہ میجر سنجے شری واستو، قیو ایم، آئی سی پی ایل اور فریقین کے دیگر اعلی عہدیداروں کی موجودگی میں مفاہمت نامے پر دستخط ہوئے۔س

بیس ایس سی ایروناٹکس ایک دوہری ڈگری کورس ہے جو جامعہ ملیہ اسلامیہ دیتا ہے اور اس کے لیے تصدیق نامہ (سی آف آر) ایئرکرافٹ مین ٹینینس انجینئرنگ کو آئی سی پی ایل ڈی جی سی اے حکومت ہند کی ضروری منظوری کے بعد جاری کرتا ہے۔اس کورس طلبا ڈی جی سی اے ماڈیول میں جاسکتے ہیں اور ماڈیول امتحان پاس کرنے کے بعد ڈی جی سی اے کی طرف سے لائسنس جاری کردیا جائے گا۔

آئی سی پی ایل، ڈی جی سی اے کا منظور کردہ سی اے آر ایک سو پینتالیس اور سی اے آر ایم مین ٹینس آرگنائزیشن (ایم آر او) جو چوبیس گھنٹے ایئربس، لیونارڈو اور بیل ٹیکسٹرون ہیلی کاپٹر کو تعاون دیتا ہے۔ان کے پاس گریٹر نوئیڈا میں ڈی جی سی اے کا منظور کردہ عالمی سطح کا ہیلی کاپٹر ایم آر او کی سہولت ہے نیز ملک بھر میں مختلف مقامات پر ہر طرح سے لیس سب بیسیس بھی ہیں۔ بنگلہ دیش، بھوٹان، نیپال اور سری لنکا جیسے ہمسایہ ملکوں کو وہ ایم آر او رخدمات بھی فراہم کرتے ہیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ بی ایس سی (ایروناٹکس) دو ہزار ڈگری کورس دو ہزار اٹھارہ سے کامیابی سے چلا رہا ہے اور مذکورہ کورس کی تین جماعت ابھی تک پاس ہو چکی ہے۔بی ایس سی (ایروناٹکس) میں جاری بیچیز ،بی ایک اعشاریہ تین ،(میکانیکل) اور بی دو (اویونکس) دو ہزار اکیس اور دو ہزار بائیس کے ہیں۔اس کورس کے فارغ التحصیل طلبا کی بڑی تعداد ڈی آر ڈی او، انڈین آرمی، یونائیٹیڈ ایئر لائنز، انڈیگو ایئر لائنز، ایئر انڈیا، انورڈ پرائیوٹ لمٹیڈ، فارآئی لوجسٹکس جیسے اہم اداروں میں ملازمت کر رہے ہیں اور دیگر ایم آر او تنظیموں میں بھی ہندوستان اور بیرون ہندوستان اچھی تنخواہوں پر کام کر رہے ہیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی